SWISS REFUGEE COUNCIL
www.refugeecouncil.ch

# وفاقی محکمہ برائے سیاسی پناہ گزین کے فیصلے کے خلاف آدمی کس طرح اپیل کرسکتا ہے؟

**کیا آپ کی درخواست محکمہ برائے سیاسی پناہ گزین نے خارج کردی ہے؟**

**اگر آپ مشورہ کرنا چاہتے ہیں یا کوئ اپیل لکھنا چاہتے ہیں تو پھر آپ جلد سے جلد اپنے قریبی علاقے میں کسی وکیل یا خاتون وکیل یا کسی ادارے سے رابطہ کریں جو کہ آپ کو قانونی مشورہ دے۔ بالکل صیح وقت پرکارروائ کریں، ورنہ آپ کو گرفتار بھی کیا جاسکتا ہے۔ اگر آپ کسی طرح کے قانونی مشوروں کا بندوبست نہیں کرسکتے ہیں اورآپ کو فوری ردعمل کرنا ہو تو آپ کو یہ معلوماتی کتابچہ آپ کی مدد کرے گا۔ ان صفحات کو سوئیزرلینڈ کے پناہ گزیں کے مددگار تنظیم ایس ایف ایچ نے تیار کیا ہے۔جو کہ ایک غیر حکومتی ادارہ ہے، جو کہ سیاسی پناہ ڈھونڈنے والوں اور پناہ گزین کے حقوق کے لئے لڑتا ہے۔ اس معلومات کو غور سے پڑھیں اور انکے مشوروں پر غمل کریں۔**

## 1. یہ بات آپ کو جانا ضروری ہے

### ←آپ صرف ایک بار ہی اپیل کرسکتے ہیں

**اپیل آپ متعلقہ وفاقی ایڈمینسٹر عدالت کو دے سکتے ہیں۔ سیاسی پناہ کی کیس کی یہ سب سے بڑی عدالت ہے اور یہ ایک حتمی فیصلہ کرے گی، اسکا پتہ درج ذیل ہے:**

**وفاقی ایڈمینسٹر عدالت**
پوسٹ فاخ CH-3000 ، بیرن **14**
ٹیلی فون 26 26 705 (0)58 41+ ، فیکس 80 29 705 (0)58 41+

### ← دی گئ اپیل کی مدت نہ بھولیں

**دی گئ اپیل کی مدت کے متعلق معلومات، فیصلے کے آخر میں باعنوان " قانونی ہدایتیں" میں دیکھیں! اس میں آپ دیکھیں گے کہ آپ کو اپیل کرنے کی کتنی مدت دی گئ ہے۔ فیضلے مختلف قسم کے ہوتے ہیں۔ جس میں سے دو یہ ہیں:**

**1۔ آپ کا کیس خارج کردیا گیا ہے، آپ کو 30 /7 دن کے اندر اندر اس فیصلے کے ملنے کے بعد اپنی اپیل بھیجنی ہوگی۔ ہفتہ، اتوار اور چھٹی کا دن بھی گننا جائے گا۔**

7 دن ہفتہ اور اتوار
ور عوامی

تعطیلات کو گنتی نہیں کرتے ہیں۔

**2۔ آپ کی درخواست برائے سیاسی پناہ کو رجسٹرڈ ہی نہیں کی گئ، اس کا مطلب ہے کہ اسے بغیر کسی وجہ یا کسی غلط بیانی کی وجہ سے قبولی نہیں گئ ہے۔ اس طرح آپ کو اس کے خلاف اپیل پانچ دن کے اندر اندر دینا ہوگی۔ہفتہ، اتوار اور چھٹی کا دن نہیں گننا جائے گااور پانچ دن میں شامل ہوگا۔ خیال رہے! اگر یورپی ممالک میں واپس بھیجاجانا ہے تو: اپیل واپس بھیجے جانے پر آّر انداز نہیں ہے!**

**تاکہ کسی بھی طرح کوئ وقت ضائع نہ ہو فوری طور پر اپیل پہلے فیکس سے بھیجیں اور بعد میں اصل کاپی کو ڈاک کے ذریعے بھیجیں۔**

## 2. فائل کا منگوانا

**آپ کے لئے اپیل لکھنے میں آسانی ہوگی اگر آپ کے پاس وہ تمام کاغذات موجود ہوں جسے دیکھ کر عدالت نے آپ کے خلاف فیصلہ دیا ہے۔ اگر وفاقی محکمہ برائے سیاسی پناہ گزین نے خود سے آپ کی فائل آپ کو نہیں بھیجی ہے تو آپ فوری طور پر جتنی جلد ہو اپنی فائل کو منگوائیں۔**

**اس کام کے لئے فائل کو منگوانے کا فارم جو کہ ماڈل A میں دیا گیا ہے**

**اس ماڈل کو جہاں یہ نشان بنا ہوا ہے ✍پر کریں ۔**

← دئیے گئے تمام نقاط میں اسکے لحاظ سے تبدیلی کریں

| | |
|---|---|
| ذاتی کوائف اور موجودہ پتہ( فیملی نام، نام، تاریخ پیدائش اور تمام افراد کی تفصیل، جنھیں وفاقی محکمہ نے مسترد کیا ہے، سڑکوں کا نام، پوسٹ کوڑ/ رہائش کی جگہ | 1 |
| جگہ، تاریخ | 2 |
| این۔ نمبر (وفاقی محکمے کے فیصلے میں اوپر الٹے ہاتھ کی طرف چھ ہندسوں کا نمبر لکھا ہے ) | 3 |
| وفاقی محکمے کے فیصلے کی تاریخ (وفاقی محکمے کے فیصلے میں اوپر الٹے ہاتھ کی طرف لکھا ہے) | 4 |
| فائل دیکھنے کے لئے اسکو منگوانے کے فارم پر دستخط کریں. | 5 |
| اس فارم کو رجسٹری کے ذریعے وفاقی محکمہ برائے سیاسی پناہ گزین، کیووبلن ویگ 6، **3003** بیرن۔ وابرن بھیجیں | 6 |

کچھھ دنوں کے بعد آپ کو آپ کے انٹرویو کے کاغذات اور فائل کے دوسرے کاغذات مل جائیں گے۔ عام طور پر آپ کو اسکے لیے کسی قسم کا کوئ خرچہ نہیں دینا پڑتا ہے۔

## 3۔ اپیل کرنے کی تیاری

### ← کیا آپ کو سوشل مدد ملتی ہے؟

تب آپ سوشل مدد دینے والے دفتر سے ایک سرٹیفیکٹ لیں تاکہ اس بات کی تصدیق ہوسکے۔ اور آپ اس سرٹیفیکٹ کو اپنی اپیل کے ساتھھ بھیجیں/ اس سرٹیفیکٹ کو جلد سے جلد بھیجیں، بے شک یہ آپ کو اپیل کی مدت گزرنے کے بعد ہی ملے۔

← وفاقی محکمہ برائے سیاسی پناہ گزین کے فیصلے کا ترجمہ کرائیں

وفاقی محکمہ برائے سیاسی پناہ گزین کے فیصلے کو دیکھے کہ انھوں نے آپ کی درخواست کو مسترد کرتے ہوئے کیا کیا وجوہات بیان کیا ہے، ان سارے وجوہات پر نشان لگائیں۔

### ← ثبوت کے لئے چیزیں ڈھونڈئیں

آپ اپنی اپیل کے ساتھ وہ تمام ثبوت بھیجیں، جسکے بارے میں آپ کا خیال ہے کہ یہ آپ کے کیس میں آپ کی مدد کرسکتا ہے۔ اور آپ نے ابتک محکمہ کو نہیں دیا ہے۔ ( مثال کے طور پر، ڈاکڑی رپورٹ، گرفتاری کا حکم نامہ، کسی کیس پر عدالت کا فیصلہ وغیرہ) ۔ تمام تر کاغذات کا وقت پر انتظام کریں۔

## 4۔ اپیل لکھنا

اپیل جرمن، فرانسیسی یا اطالوی زبان میں دی جاسکتی ہے۔ شائید آپ کسی کو جانتے ہوئ جو آپ کو اپیل لکھنے میں آپ کی مدد کردے؟ آپ اپیل کے لئے اپیل فارم **B** استعمال کرےکتے ہیں. درخواست کی خاص خاص چیزیں یہاں چھاپ دی گئ ہیں۔ آپ فارم کو صرف اپنی موجودہ صورتحال کے تحت پر کریں اور کمی بیشی کریں۔ فارم میں براہ راست جہاں جہاں یہ ✍ نشان بنا ہوا ہے پر کریں۔ اگر یہ صفحہ کافی نہ ہو تو علیحدہ کاغذ بھی استعمال کرسکتے ہیں۔

### ← اپیل کے فارم کے تمام نقطوں کو مکمل کریں **B**

| | |
|---|---|
| جگہ، تاریخ | 7 |
| ذاتی کوائف اور موجودہ پتہ( فیملی نام، نام، تاریخ پیدائش اور تمام افراد کی تفصیل، جنھیں وفاقی محکمہ نے مسترد کیا ہے، سڑکوں کا نام، پوسٹ کوڑ/ رہائش کی جگہ | 8 |
| وفاقی محکمے کے فیصلے کی تاریخ (وفاقی محکمے کے فیصلے میں اوپر الٹے ہاتھ کی طرف لکھا ہے) | 9 |
| این۔ نمبر (وفاقی محکمے کے فیصلے میں اوپر الٹے ہاتھ کی طرف چھ ہندسوں کا نمبر لکھا ہے ) | 10 |

سوئیزرلینڈ کے سیاسی پناہ کے قانون کے مطابق پناہ گزین سیاسی پناہ حاصل کرسکتے ہیں اگر:

سیاسی پناہ کے قانون کے آرٹیکل نمبر3

"پناہ گزین اسے سمجھا جائے گا جسے اپنے ملک میں، یا اپنے آبائ علاقے میں، جہاں وہ آخری دنوں تک رہ رہا تھا، اسے وہاں اپنے نسل، مذہب، شہریت، یا کسی خاص گروپ سے تعلق کی بناء پر یا اپنے سیاسی وابستگی کے باعث ایک سخت نقصان اٹھانا پڑرہا ہے یا اسے اس بات کا خوف ہے کہ اسے ایسا نقصان اٹھانا پڑجائے گا.

سخت نقصان سے مراد ہے حیسے جسم کو نقصان ہونا، زندگی کو خطرہ ہونا یا آزادی کا سلب ہونا یا ایسی ذہنی تکلیف ملنا، جیسے کسی مقام پر قید کردینا وغیرہ. خواتین کے اپنے مسلئے جسکی وجہ سے ملک چھوڑنا پڑا بھی یہاں اہمیت کے حامل ہیں"

**11** یہ حصہ اپیل کا سب سے اہم حصہ ہے. اس حصے میں تفصیل سے لکھیں کہ آپ کیوں وفاقی محکمہ برائے سیاسی پناہ گزین کے فیصلے سے متفق نہیں ہیں اور کیوں سوئیزرلینڈ میں رہنا چاہتے ہیں. اگر یہ صفحے کافی نہیں ہیں تو علیحدہ کاغذ استعمال کریں. ان باتوں کا خیال رکھیں:

. فاقی محکمہ برائے سیاسی پناہ گزین کے تمام تر وجوہات کا مکمل اور جامع جواب دئیں .

. اگر وفاقی محکمہ برائے سیاسی پناہ گزین کے فیصلے سے یہ لگ رہا ہے کہ آپ کے بیان پر انھیں یقین نہیں آیا ہے؟ تو پھر ہر ایک نقطے پر اسکے خلاف آپ اپنے خیالات لکھیں اور کوشش کریں کہ تمام تر تضاد کو دور کریں اور جو بات نہیں سمجھی جاسکی ہے اسے بہتر طور پرسمجھائیں.

. اگر آپ کو ابھی اپنے ملک واپس جانا پڑے گا تو پھر وہاں آپ کے ساتھھ کیا ہوگآ؟ اس لئے بالکل تفصیل سے بتائیں کہ کب، کہاں، کیسے اور کون آپ کا پیچھا کررہا ہے.

. یہ آپ کے لئے بہت بہتر ہوگا جب آپ اپنی پریشانی کے متعلق ثبوت بھی مہیا کریں گے. تمام تر کاغذات جو آپ نے ابتک نہیں دیے ہیں ضرورثبوت کے طور پر جمع کرائیں. ( مثال کے طور پر، ڈاکڑی رپورٹ، گرفتاری کا حکم نامہ، کسی کیس پر عدالت کا فیصلہ ، اخبار کی خبر یا اسکی کٹننگ وغیرہ) اور ان سب کی اہمیت بھی بتائیں.

## 5 دن کے اندر اندر اپیل کرنے والوں کے لئے مزید ہدایتیں:

. اگر آپ نے کوئ پاسپورٹ یا شناختی کارڈ جمع نہیں کرایا ہے تو پھر یہاں تفصیل سے بتائیں کہ آپ نے ایسا کس وجہ سے کیا ہے.

. اگر آپ محکمہ کو اپنے کیس کے سلسلے میں کوئ اضافی اور مستند بیان دینا چاہتے ہیں تو پھر اسکو ضرور لکھیں( مثال کے طور پر: کوئ خاص واقعہ، اپنے شہر کی سیاسی حالت).

. اگر وفاقی محکمہ برائے سیاسی پناہ گزین آپ کو کسی تیسرے ملک، جہاں آپ پہلے رہتے تھے، بھیجنا چاہتا ہے تو پھر آپ لکھیں کہ ایسا کیوں نہیں ہونا چاہیے _( مثال کے طور پر: شائید آپ کو اس بات کا ڈر ہو کہ وہ تیسرا ملک آپ کو وہاں سے آپ کے اپنے ملک میں بھیج ڈے دیے گا. اور آپ کے قریبی رشتہ دار یا آپ کے جان پہچان کے لوگ سوئیزرلیند میں رہتے ہیں).

واپس بھیجا جانا کسی یورپی ملک میں جیسے ناروے، یا آئیس لینڈ>، ہوشیار! اپیل واپس بھیجے جانے کے فیصلے پر اثر انداز نہیں ہوگا

اسکا مطلب یہ ہے کہ آپ کے اپیل کرنے کے باوجود آپ کو واپس بھیج دیا جائے گا. یا اسی صورت میں ممکن ہے جب کوئ یورپی ملک، جہاں آپ پہلے رہ چکے ہیں آپ کو واپس لینے کے اپنی رضامندی کا اظہار کرے.آپ مطالبہ کرئیں کہ " اپیل سے واپس بھیجے جانے کے عمل پر اثر" کو پھر سے بھال کیا جائے. اس بات کی وضاحت کریں کہ آپ کو کیوں اس بات کا خوف ہے کہ وہ جویورپی ملک ہے وہاں آپ کے کیس پر جانچ پڑتال نہیں ہوگا یا یہ باتیں تفصیل سے بتائیں کہ آپ کے ملک میں آپ کے ساتھھ غیر انسانی سلوک ہوگا یا آپ کی عزت نفس کو وہاں نقصان پہنچنے کا ڈر ہے.

**12** اگر آپ کو مہاجرین کے طور پر قبولا نہیں گیا ہے تب بھی آپکو سوئیزرلینڈ میں وقتی طور پر رہنے کی اجازت ملے گی ( ایف. شناختی کارڈ)، اگر آپ کے راستے دشوار گزار ہیں.
راستے دشوار گزار سے مطلب یہ ہے کہ یہ ایک غیر انسانی سلوک ہوگا اگر آپ کو آپکے ملک واپس بھیج دیا جائے. یہ ایسے کہ مثال کے طور پر اگر آپ اپنے ملک جائیں گے تو ہوسکتا ہو کہ آپ کو وہاں دوسری باتوں سے جو کہ آپ نے ابھی تک نہیں بتائ ہے، مشکلات کا سامنا کرنا پڑے .

اس لئے یہ ضروری ہے کہ آپ یہاں اور دوسرے تمام وجوہات کا تفصیلی ذکر کرئیں جس کے باعث آپ کی آپ کے وطن واپسی کے باعث مشکلات پیدا ہوسکتی ہے. جس کی کچھھ مثالیں درج ذیل ہیں:

. واپسی کے راستے اس لئے نہ ممکن ہیں کیوں کہ ایک طبی مشکلاتکے تحت ایک ایسی خطر ناک بیماری لاحق ہے جسکا علاج صرف سوئیزرلینڈ میں ہی ممکن ہے! یہاں بتائیں کہ کیا مشکلات ہیں اور حالیہ ڈاکڑی رپورٹ بھی پیش کریں. مطالبہ کریں کہ وفاقی ایڈمینسٹر عدالت آپ کے لئے ایک ماہر کا بندوبست کرے.

. آپ کے ملک میں خانہ جنگی کی حالت ہے یا وہاں ظلم کا بازار گرم ہے۔ آپ اس بات سے آگاہ کریں کہ آپ کے واپس جانے سے کیا کیا مشکلات کھڑے ہوجائیں گے۔

. وفاقی محکمہ برائے سیاسی پناہ گزین اکثر یہ جواز پیش کرتا ہے کہ آپ اپنے ملک کے اندرہی پناہ حاصل کرسکتے تھے، اگر آپ ملک کے دوسرے حصے میں چلے جاتے جہاں کہ آپ کو خطرہ لاحق نہیں تھا۔ ہوسکتا ہے کہ آپ کے لئے یہ بھی ممکن نہ ہو کہ آپ اپن ہی ملک کہ کسی دوسرے حصے میں جاکر رہ سکیں؟ ایسی صورت میں مندرجہ ذیل وجوہات آپ کے مددگار ہوسکتے ہیں:

- آپ دوسرے علاقے میں معاشی مشکلات کی بناء پر نہیں جاسکتے ہیں( مثال کے طورپر آپ نے جو پڑھا ہے، آپ کی زبان، یہ اس جگہ کے حالات، یا وہاں کوئ جاب نہیں ملے گی)۔
- آپ جہاں سے بھاگے ہیں اب وہاںسے آپ کا کوئ تعلق نہیں ہے( مثال کے طورپر آپ وہاں کبھی نہیں یا بہت مختصر رہے، وہاں کی بولی آپ کو نہیں آتی، وہاں آپ کا کوئ رشتہ دار یا جاننے والا نہیں ہے۔
- آپ وہاں بالکل بھی زندگی نہیں شروع کرسکتے، شائید عمر کی وجہ سے، اپنے جنس کی وجہ سے یا آپ کا خاندان بہت ہی بڑا ہے۔

---

**13** تمام چیزیں اصل بھیجیں۔ اپنے پاس سب کی ایک کاپی ضرور رکھیں۔اور آپ محکمہ کے فیصلے کو بھی کاپی کرکے ساتھھ لگائیں۔ اگر آپ کسی قسم کی مدد لیتے ہیں تو پھر اس دفتر کی سرٹیفیکٹ بھی ضرور ساتھھ لگائیں۔
آخری صفحہ پر تمام ثبوت کی فہرست لکھیں جو کہ آپ ساتھھ روانہ کررہے ہیں۔ اب آپ اس پورے اپیل کی دو ٹو کاپیاں بنوائیں۔

---

**14** اب آپ کے پاس تین کاپیاں ہیں اپنی اپیل کی، تینوں کاپیوں پر دستخط کریں۔ دو کاپیوں کو دوسرے تمام کاغذات کے ساتھھ ( فیصلے کی کاپی، سوشل دفتر کی سرٹیفیکٹ اور دوسرے تمام ثبوت) کو رجسٹری ڈاک سے وفاقی ایڈمینیسٹر عدالت، پوسٹ فاخ 3000، بیرن 14 بھیج دیں۔ دی گئ مدت کا ضرور خیال دہے!!

## 5. اب آگے کیا ہوگا؟

آپ کو وفاقی ایڈمینیسٹرعدالت سے خط آئے گا۔ خط کو کسی سے ترجمہ کرائیں اور سمجھیں اگر ضرورت ہے ہو اسکے مطابق ردعمل کریں۔ یہاں بہت سارے ممکنات ہیں جن میں سے یہاں چند ضروری بیان کیے جارہے ہیں:

. آپ کو وفاقی ایڈمینیسٹر عدالت سے آپ کی اپیل کے ملنے کا تصدیق نامہ بھیجے گی۔ آپ اسطرح قانونی طور پر سوئیزرلینڈ میں ٹھر سکتے ہیں۔ لیکن عدالت کا فیصلہ کچھھ دنوں میں بھی آسکتا ہے۔

- وفاقی ایڈمینیسٹر عدالت اس بات کا فیصلہ کرے گی، کہ آیا آپ کی اپیل" کہیں ایسا نہیں کہ شروع ہی سے بلا مقصد"

ہے۔ ایسی صورت میں عدالت اپنی فیس کا ایڈوانس مانگے گی اور اسکو ادا کرنے کے لئے وہ آپ کو ایک مدت دے گی۔ اگرآپ فیس ادا نہیں کریں گے، تو پھر آپ کی اپیل کی جانچ نہیں ہوگی۔ اگر آپ فیس ادا کریں گے تو پھر آپ کی اپیل کی جانچ ہوگی، لیکن اس میں کامیابی کے امکانات بہت کم ہے۔

- وفاقی ایڈمینیسٹر عدالت آپ کو ایک مختصر مدت دے گی، کہ آپ اپنی اپیل کی غلطیوں کو ٹھیک کریں۔ ایسی صورت میں آپ فوری ردعمل کریں، ورنہ آپ کی اپیل کی جانچ نہیں کی جائے گی۔
- وفاقی ایڈمینیسٹر عدالت آپ کو ایک موقع دے گی ، کہ وفاقی محکمہ برائے سیاسی پناہ گزین کے نئ رپورٹ پر اپنی رائے دیں۔ ایسے میں کوشش کریں کہ اسپر ردعمل کریں۔

وفاقی ایڈمینیسٹر عدالت کا فیصلہ کئ طرح کا ہوسکتا ہے۔ اگر یہ منفی ہے تو پھر آپ کو ہر حال میں سوئیزرلینڈ چھوڑنا ہوگا۔ وفاقی ایڈمینیسٹر عدالت یہ بھی کرسکتی ہے کہ وہ یہ سارا کچھھ وفاقی محکمہ برائے سیاسی پناہ گزین کو واپس

بھیج دے مزید وضاحت کرنے کے لئے۔ اگر عرالت کا فیصلہ مثبت ہے تو پھر آپ کو سوئیزرلینڈ میں سیاسی پناہ مل جائے گی یا آپ کو وقتی طور پر پناہ دی جائے گی۔

وفاقی ایڈمینیسٹر عدالت کا اپیل پر فیصلہ عام طور پر حتمی ہوتا ہے۔ دوسری مرتبہ وفاقی ایڈمینیسٹر عدالت سے روجوع نہیں کیا جاسکتا ہے۔ بہت ہی کم کیس میں ایسا ہوتا ہے کہ آدمی عدالت سے دوبارہ روجوع کر سکتا ہے یا عدالت کے فیصلے کے خلاف ایک دوسری بڑی عدالت میں جاسکتا ہے۔ برائے مہربانی قانونی مشورہ دینے والے اداروں سے رابطہ کریں۔

https://www.fluechtlingshilfe.ch/hilfe-fuer-asylsuchende/rechtsschutz#c505